# اقبال اور تحریکِ پاکستان (۳)

میں نے کل اپنی تقریر میں سکندر جناح پیکٹ کا متن پڑھ کر آپ کو سنایا تھا۔ جسے پیکٹ کی بجائے اگر ایک Working Paper کا نام دیا جائے تو زیادہ موزوں ہوگا۔ علامہ اقبال اس پیکٹ سے خوش نہیں تھے۔ ان کا خیال تھا کہ اس پیکٹ سے یونینسٹ پارٹی کو بالادستی حاصل ہوگئی ہے اور مسلم لیگ کو ثانوی حیثیت ملی ہے۔ لیکن کیا کیا جاسکتا تھا۔ حالات ایسے پیدا ہوگئے تھے کہ یہ پیکٹ ناگزیر تھا۔ میں اب بھی یہ سمجھتا ہوں کہ اگر سر سکندر حیات خاں خلوصِ دل سے اس پیکٹ پر عمل کرتے اور اسمبلی میں مسلم لیگ پارٹی قائم کر لیتے تو فریقین میں سے کسی کو بھی رنجش کا موقع نہ ملتا اور نہ آگے چل کر وہ حالات رونما ہوتے، جنہوں نے ۱۹۴۴ء میں ملک خضر حیات ٹوانہ کو مسلم لیگ سے نکل جانے پر مجبور کیا تھا۔ لیکن اس کے برعکس ہوا یہ کہ سر سکندر اور ان کی پارٹی کے دو اہم ممبروں نے لکھنؤ سے واپس آتے ہی اس قسم کے بیان اخباروں کو دینا شروع کئے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ لکھنؤ کا ڈرامہ لکھنؤ ہی میں ختم ہوگیا ہے اور پنجاب میں اس کا چرچا نہیں ہونا چاہیئے۔ سر سکندر نے اپنے بیان میں صاف کہا کہ جہاں تک پنجاب کا تعلق ہے یہ پیکٹ مختلف جماعتوں پر اثر انداز نہیں ہوگا اور نہ ان جماعتوں کی موجودہ حیثیت اور ان کے طریقِ کار میں کوئی فرق پڑے گا۔ چودھری چھوٹو رام نے بھی ایک طویل بیان اخباروں کو دیا، جس میں یونینسٹ پارٹی کو ایک مستقل اور قائم بالذات پارٹی ثابت کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ ان بیانوں کے جواب میں غلام رسول خاں اور ملک برکت علی نے اپنا اپنا بیان اخباروں کو دیا اور مسلم لیگ کی صحیح پوزیشن سے لوگوں کو آگاہ کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ایک سخت الجھن پیدا ہوگئی۔ لوگ حیران تھے اور بار بار پوچھتے تھے کہ اصل حقیقت کیا ہے۔ کیا سر سکندر حیات خاں کا نقطۂ نگاہ صحیح ہے یا پیکٹ کی وہ تاویل درست ہے جو ملک برکت علی اور غلام رسول خاں نے کی ہے۔

اس موضوع پر علامہ اقبال نے یکے بعد دیگرے چار پانچ خط مسٹر جناح کی خدمت میں لکھے۔ لاہور کے ایک مشہور پبلشر شیخ محمد اشرف نے ۱۹۴۳ء میں اقبال کے تیرہ خطوں کا ایک مختصر سا مجموعہ شائع کیا تھا۔ یہ خطوط علامہ مرحوم نے ۲۳ مئی ۱۹۳۶ء سے ۱۰ نومبر ۱۹۳۷ء تک، مختلف اوقات میں مسٹر جناح کو لکھے تھے۔ اس مجموعے میں تین خط ایسے ہیں، جن کا موضوع بھی سکندر جناح پیکٹ ہے۔ خطوں کا یہ مجموعہ غالباً آج بھی بازار سے مل سکتا ہے۔ اسی لیے جو خط

اس مجموعے میں درج ہیں ان کا ذکر اس وقت نہیں کروں گا۔ البتہ تین چار خط ایسے ہیں جو علامہ اقبال نے غلام رسول خاں سے لکھوا کر مسٹر جناح کی خدمت میں بھیجے تھے اور یہ خط آج تک کہیں شائع نہیں ہوئے۔ اس وقت قاعدہ یہ تھا کہ غلام رسول خاں ہر خط کا مسودہ تیار کر کے علامہ اقبال کو سناتے تھے۔ اور جب وہ اسے منظور فرماتے تو غلام رسول خاں وہی خط اپنے دستخط سے علامہ اقبال کی طرف سے مسٹر جناح کی خدمت میں بھیج دیتے تھے۔ ان غیر مطبوعہ خطوں میں سب سے لمبا خط وہ ہے جو ۸ نومبر ۱۹۳۷ء کو مسٹر جناح کی خدمت میں بھیجا گیا تھا اور جس میں خاصی تفصیل سے تمام حالات درج ہیں۔ یہ خط چونکہ کہیں شائع نہیں ہوا اس لیے میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ علامہ اقبال کا زاویۂ نگاہ کیا تھا۔

Dear Mr. Jinnah,

With reference to your leter dated 1st November 1937 addressed to Dr. Sir Muhammad Iqbal, I am directed by him to reply as follows :—

1. The agreement reached between Sir Sikander and yourself at Lucknow has formed the subject-matter of keen controversy in this Province. As soon as Sir Sikander returned to the Punjab he issued a statement tho te effect that so far as the Punjab was concerned "there was no change in the position except that Muslim members of the Unionist Party, who are not members of the Muslim League, would be advised to join the League, if they so desired". It was further stated that in future bye-elections the Muslim members who would contest the election on the League ticket would have to give an undertaking that they would join the Unionist Party on being elected, and they would naturally have the support of the Unionist Party. Other members of Sir Sikander's Party also issued statements to the effect that the Punjab Provincial Muslim League would, under the Jinnah-Sikander agreement, pass under the control of the Unionist Party. Sir Chhotu Ram, in a signed statement issued to the Press, stated that the Punjab Parliamentary Board will pass under the control of the Unionist Party and that the result would be that the League in the Province would have no independent existence except as a subordinate body of the Unionist Party. These statements of the members of the Unionist Party created a great sensation amongst the Musalmans of the Province who were astounded that an agreement should have been reached under which the League instead of being the dominant party should take up the role of a subordinate body to the existing Unionist Party which in popular esteem is a group of downright reactionaries. Under the circumstances I, as Secretary of the Punjab Provincial Muslim League and with the concurrence of Dr. Sir Muhammad Iqbal, issued a statement in which the misunderstandings created regarding the position of the Punjab Provincial Muslim League were sought to be dispelled. I merely reproduced the salient features of the agreement and repeated that the Muslim League Party so formed would be subject to the Rules and Regulations of the All India Muslim League and the Muslim League Central and Provincial Parliamentary Boards. Malik Barkat Ali, M. L. A., also

issued antother statement in which the reproduced the terms of the agreement and made it clear that it would be the Muslim League Party within the Legislature which shall maintain or enter into alliances or coalitions with other groups consistently with the fundamental principles of the policy and programme of the All India Muslim League. I enclose herewith the copies of the statements. These statements had a very reassuring effect on the Muslim masses, but the prominent members of the Unionist Party were displeased with these statements. I also enclose herewith the comments of the "Tribune" on these statements. On the 22nd of October 1937, I, under orders of Dr. Sir Muhammad Iqbal, sent 93 application forms to Sir Sikander Hayat Khan with the request that he many get them signed by the Muslim members of the Unionist Party in the Legislature. This opportunity was taken as all the said members were in Lahore in connection with the Viceregal visit. Not a single form has yet been got singed and sent to us. In fact, I myself asked some Muslim members of the Legislature to sign these forms. Some of them gladly did ; but a word was sent round by Sir Sikander Hayat Khan that they should not sign the forms. This is the present position. Sir Sikander and some of his friends are creating the impression that the Muslim League has come under the control of the existing Unionist Party and that the result of the Jinnah-Sikander agreement is that the only Muslim League member in the Legislature will join the Ministerial Party without any Muslim League Bloc coming into existence in the Assembly. Such an impression is deemed fatal to the reputation of the All India Muslim League and, if permitted to continue, will completely alienate the sympathies of the Muslim public in the Province. I May state that if our statements had not been issued, the credit of the All India Muslim League would have suffered a terrible decline in this Province.

2. You will be glad to know that a deputation of the Punjab Provincial Muslim League consisting of Khan Bahadur Malik Zaman Mehdi Khan, Malik Barkat Ali, Mr. Ashiq Hussain Batalvi and myself has been touring the Province and addressing very huge gatherings in various towns. The enthusiasm displayed by the Muslim public on these occasions in support of the All India Muslim League and the Punjab Provincial Muslim League was simply wonderful. As a result of this effort on our part already thirty four branches have been opened and more are opening. The coming months of the "Ramzan--i-Sharif" and we many have to postpone our tour during that month. On the occasion of these tours not a single member of Sir Sikander's Party accompanied us.

3. Mr. Maqbul Mahmud did not supply Malik Barkat Ali with a copy of the Jinnah-Sikander agreement. Hence a telegram was sent to you. In the meantime Dr. Sir Muhammad Iqbal sent word to Sir Sikander that he might supply him with a copy of the said agreement. The said copy has been supplied. I cannot say whether the copy so supplied is correct because I understand from Mr. Maqbul Mahmud that after the trerms had been agreed on the 14th October, 1937 at 11 p.m., in your room, Sir Sikander suggested further changes and ultimately an agreement in the form supplied to Dr. Sir Muhammad

Iqbal was reached. As we have no knowledge of these suggested changes it is requested that a copy of the agreement in your possession may be sent to us. Mr. Iqbal Maqbul Mahmud told Malik Barkat Ali when the latter asked him for a copy that the copy had been sent to you.

4. Now as to the matters on which you have sought suggestions from Dr. Sir Muhammad Iqbal.

(*a*) In regard to the invitation extended by Sir Sikander to the All India Muslim League to hold its special session at Lahore in February 1938 we welcome the invitation but we are not in a position to make any suggestion until a clear and unambiguous settlement is reached to the effect that the Muslim members of Sir Skikander's Party will without any further delay sign the League pledge and form, and declare themseleves as the Muslim League Party within the Provincial Assembly. If we judge the situation aright, there is an effort being made to resile from this position.

(*b*) As regards the Organising Committee already the Provincial League exists and we are forming District, Tehsil and Village branches. There is no need here for any Organising Committee.

(*c*) As regards the Working Committee I would suggest five seats for the Punjab. Dr. Sir Muhammad Iqbal requests that he is not in a position on account of his ill-health to attend the meetings of the Working Committee and therefore the name of Malik Zaman Mehdi Khan, Deputy President of the League, may be substituted for him. Malik Barkat Ali should be kept on, but the name of Mr. Ghulam Rasul, Bar-at-Law, should be added. As regards Sir Sikander and Mr. Ahmad Yar Khan Daultana much will depend on the decision to sign the League ticket and to constitute and declare without futrher delay the Muslim League Party within the Legislature. In the event of their agreement to this course, care should be taken that their representation shall in no case exceed the representation given to the present Muslim League Party.

Your sincerely,
GHULAM RASUL
for Dr. Sir Muhammad Iqbal.

یہ خط جو آپ نے ابھی سنا ہے، اپنے مطالب اور معانی کے لحاظ سے اتنا واضح ہے کہ مجھے اس کی تشریح کے لیے اپنی طرف سے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ علامہ اقبال کی یہ تمام کوششیں رائیگاں گئیں اور سر سکندر حیات خاں نے اسمبلی میں مسلم لیگ پارٹی قائم نہ کی۔ اور نہ لیگ کی رکنیت کے فارموں پر دستخط کئے۔ اس سلسلے میں وہ قسم قسم کی جنتیں پیش کرتے تھے۔ کبھی یہ کہتے تھے کہ ہم غلام رسول خاں کے ساتھ کام نہیں کر سکتے، وہ بہت تیز مزاج آدمی ہیں۔ کبھی یہ کہتے تھے کہ لیگ کا سارا حساب کتاب اور فنڈ ہماری تحویل میں رہنا چاہیئے۔ کبھی یہ کہتے تھے کہ لیگ کے تمام عہدے داروں کو برطرف کر دیا جائے۔ اور جن آدمیوں کو ہم پسند کرتے ہیں ان کو یہ عہدے عطا کئے جائیں۔

پارلیمنٹری بورڈ پر ہمارا قبضہ ہونا چاہیئے۔ علامہ اقبال یہ روز روز کی جنتیں سن کر پریشان ہو گئے تھے۔ اور بالآخر انہیں یقین ہو گیا تھا کہ سر سکندر حیات خاں نہ تو اسمبلی میں مسلم لیگ پارٹی بنائیں گے اور نہ لیگ کی رکنیت قبول کریں گے۔ اب اس کے سوا کیا چارہ تھا کہ لیگ کو یونینسٹ پارٹی کے پھندے سے نجات دلا کر ایک آزاد اور خود مختار جماعت بنا دیا جائے۔ چنانچہ علامہ مرحوم نے فروری ۱۹۳۸ء کے آخر میں ایک بہت ضروری بیان انگریزی میں غلام رسول خاں سے لکھوایا اور حکم دیا کہ اسے اخباروں کو بھیج دیا جائے۔ یہ بیان اس اعتبار سے بہت اہم ہے کہ یہ علامہ مرحوم کی آخری سیاسی تحریر ہے۔ وہ بیان آپ بھی سن لیجئے۔

On the 14th of October, 1937, the Hon'able Sir Sikander Hayat Khan as the leader of the Unionist Party in the Punjab made the following statement in the meeting of the Council of the All India Muslim League held at Lucknow.

That on his return to the Punjab he will convene a special meeting of his party and advise all Muslim members of the party who are not members of the Muslim League already to sign its creed and joint. As such they will be subject to the rules and regulations of the Central and Provincial Boards of the All India Muslim League ..... The Muslim members of the Legislature who accept the League ticket will constitute the Muslim League Party within the Legislature. It shall be open to the Muslim League Party so formed to maintain or enter into a coalition or alliance with any other party consistently with the fundamental principles of the policy and programme of the League.

This is the material portion of the so-called Jinnah-Sikander agreement. The rest does not concern us for my present purpose. When this statement appeared in the Press, I was really overjoyed as I felt that the breach in the ranks of the Musalmans occasioned by the existence of an independent Unionist Party would be repaired and the Muslim community would be able to pull its weight. I accordingly directed Mr. Ghulam Rasul to send to Sir Sikander about minety membership forms of the Punjab Provincial Muslim League so that the latter might get them signed by the Muslim members of the Unionist Party. This was done about the third week of October 1937. No reply was received and consequently

a reminder was issued. The reminder also remained unacknowledged. So far, not a single membership form has been received back from Sir Sikander.

I am informed by Malik Baskat Ali, M.L.A., that this matter was discussed in the meeting of the Council of the All India Muslim League held at Delhi on the 30th of January 1938. There it was stated by a responsible member of the Unionist Party that the signatures of the Muslim members of that Party had been obtained on a form in which the person signing expresses his willingness to become a member of the Muslim League subject to the terms of the Jinnah-Sikander "Understanding". It must be here stated to clarify the position that Sir Sikander claims an oral understanding between himself and Mr. Jinnah besides the written agreement, the material portion of which has been quoted above. This matter was brought to the notice of Mr. M. A. Jinnah during the course of the discussion in the Council meeting, and Malik Barkat Ali, M.L.A., informs me that Mr. M.A. Jinnah straighway denied the existence of any oral understanding beyond the terms of the Jinnah-Sikander agreement. This agreement was variously interpreted and created a great deal of confusion in the lay mind as to the attitude of the Unionist Party towards the Muslim League. About four months have passed and the confusion instead of diminishing shows signs of increase. It is time that the Muslim public should be apprised of the exact position. Notwithstanding the pledge given at Lucknow, nothing has been done to implement or carry out the terms of the Lucknow agreement. I am, therefore, issuing this statement so that the public may know that the Muslim League and the Unionist Party stan[illegible] and the amalgamation of the Muslim Members of the Unionist Party with the Muslim League, which, it was hoped, would follow in the wake of the Jinnah-Sikander agreement has not so far taken any shape.

It is hardly necessary for me to state that the doors of the Muslim League are open to every Muslim who signs the League Creed, and I am glad to say that some members of the Provincial Legislature have already signed the League Creed.

علامہ اقبال کے اس معرکہ الآراء بیان کا مقصد یہ تھا کہ سکندر جناح پیکٹ کو ختم کر دیا جائے۔ لیکن صورت حال یہ تھی کہ ہم خود اپنی مرضی سے اس پیکٹ کو ختم کرنے کے مجاز نہ تھے۔ یہ پیکٹ یا ایک Working Paper کچھ کہہ لیجئے مسٹر جناح اور سر سکندر حیات خاں کے درمیان ہوا تھا۔ اس لیے ملک برکت علی کی رائے تھی کہ علامہ اقبال کا یہ بیان اخبارول میں شائع کرنے سے پہلے مسٹر جناح کی خدمت میں بھیجنا ضروری ہے۔ اور جب تک وہ اجازت نہ دیں اسے اخباروں میں اشاعت کے لیے نہ بھیجا جائے۔ میرے نزدیک ملک صاحب کی یہ رائے آئینی لحاظ سے درست تھی۔ چنانچہ ایک نقل مسٹر جناح کی خدمت میں ارسال کی گئی اور ان کا جواب آیا کہ فی الحال اسے روک لیا جائے اور اخباروں کو نہ بھیجا جائے۔ یوں یہ سکندر جناح پیکٹ آئندہ چھ سال تک ہمارے سر پر ایک تلوار کی طرح لٹکتا رہا۔

میر تقی میر کا ایک شعر یاد آ گیا ہے:

تلوار کے تلے ہی گیا عہد انبساط
مر مر کے ہم نے کاٹی ہیں اپنی جوانیاں

علامہ اقبال کا انتقال ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو ہوا تھا اور قرارداد پاکستان پورے دو سال بعد ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو منظور ہوئی تھی۔ اس لیے بظاہر تو یہی کہا جائے گا کہ اقبال نے قرارداد پاکستان کی منظوری اور تحریک پاکستان میں کوئی حصہ نہیں لیا، لیکن اس سے کون انکار کر سکتا ہے کہ پاکستان کا وہ شجر بار آور جو آج آپ دیکھ رہے ہیں، اس کا بیج اقبال نے بویا تھا۔ خود قائد اعظم نے مکاتیب اقبال کے دیباچے میں اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ قرارداد پاکستان دراصل اقبال کی پیہم تلقین کا نتیجہ تھی۔ اقبال نے اپنے خطوں میں بار بار مسٹر جناح کو لکھا تھا کہ تقسیم ہند کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ یہ صحیح ہے کہ اقبال نے تقسیم ہند کا کوئی واضح خاکہ مرتب نہیں کیا تھا۔ لیکن اس کے ساتھ یہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ اس وقت اس قسم کا کوئی خاکہ مرتب کرنے کا موقع ابھی نہیں آیا تھا۔ ضرورت صرف اس بات کی تھی کہ تقسیم کا اصول پیش کیا جائے اور اس شخص کو یہ اصول قبول کرنے پر آمادہ کیا جائے، جس کے ہاتھ میں قدرت نے اسلامیان ہند کی تقدیر سونپ دی تھی۔ چنانچہ یہ کام اقبال نے کیا اور بلا شائبہ ریب اقبال ہی نے کیا۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی کتاب The Discovery of India میں لکھا ہے۔

Iqbal was one of the early advocates of Pakistan and yet he appears to have realised its inherent danger and absurdity. Edward Thompson has written that, in the course of conversation, Iqbal told him that he had advocated Pakistan because of his position as President of the Muslim League Session, but he felt sure that it would be injurious to India as a whole and to Muslims specially. Probably he had changed his mind, or he had not given much thought to the question previously, as it had assumed no importance then. His whole outlook on life does not fit in with the subsequent development of the Idea of Pakistan or division of India."

یہ الفاظ پنڈت نہرو کے ہیں۔ پنڈت جی کی یہ کتاب دنیا کے اکثر ملکوں میں پڑھی گئی ہے اور ان کے ان الفاظ نے بہت سے لوگوں کو اس وہم میں مبتلا کر دیا ہے کہ اقبال اپنی زندگی کے آخری دور میں تقسیم ہند یا قیام پاکستان کی تجویز کے خلاف ہو گئے تھے۔ اس لیے میں آپ کے سامنے پنڈت نہرو کے اس دعوے پر تھوڑی سی بحث کرنا چاہتا ہوں کہ جو مغالطہ انہوں نے پھیلا دیا ہے اس کا ازالہ ہو سکے۔ پنڈت نہرو کے اس دعوے کا دار و مدار کلیۃً Edward Thompson کی روایت پر ہے۔ مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ پہلے میں Edward Thompson کے متعلق عرض کروں کہ یہ صاحب کون تھے۔ Edward Thompson ۹ اپریل ۱۸۸۶ء کو انگلستان کے ایک گاؤں Hazel Grove میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کے والد James Thompson جنوبی ہندوستان میں پادری تھے۔ James Thompson آٹھ سال کی عمر تک اپنے باپ کے پاس مدارس میں رہا۔ ۱۸۹۴ء میں اس کے والد کا انتقال ہو گیا تو Edward Thompson کی والدہ اپنے بچوں کو لے کر واپس انگلستان چلی گئی۔ ۱۹۰۹ء میں Edward Thompson نے لندن یونیورسٹی سے بی۔ اے پاس کیا اور اگلے سال یعنی ۱۹۱۰ء میں وہ بنگال میں بنکورہ کے مشن کالج میں انگریزی کا لیکچرار بن کر چلا گیا۔ جہاں اس کی ملاقات رابندرا ناتھ ٹیگور سے ہوئی اور اس نے بنگلہ زبان سیکھی اور آہستہ آہستہ اس زبان میں خاص مہارت پیدا کر لی۔ جب ۱۹۱۶ء میں پہلی جنگ عظیم زوروں پر تھی تو Edward Thompson گورا فوج کی ایک ڈویژن کے ساتھ پادری بن کر شرق الاوسط چلا گیا اور General Allenby کے ہمراہ فلسطین کی مہم میں شریک رہا۔ ۱۹۲۰ء میں واپس بنکورا کے مشن کالج میں قائم مقام پرنسپل بن کر آ گیا۔ تین سال وہاں رہا اور ۱۹۲۳ء میں کالج کی ملازمت سے مستعفی ہو کر واپس انگلستان چلا گیا جہاں آئندہ دس سال تک Oxford میں انڈین سول سروس کے پروبیشنر افسروں کو بنگلہ زبان پڑھاتا رہا۔ ۱۹۴۴ء سے ۱۹۴۶ء تک وہ Oxford کے Oriel College میں تاریخ ہند کا Research Fellow تھا۔ ۲۸ اپریل ۱۹۴۶ء کو Buckinghamshire کے ایک چھوٹے سے قصبے Bledlow میں اس کا انتقال ہو گیا۔

نہرو، گاندھی، پٹیل اور کانگرس کے تمام بڑے بڑے لیڈروں سے Edward Thompson کے دوستانہ مراسم تھے۔ اس نے ہمیشہ کانگرس کی حمایت کی اور مسلم لیگ کو ایک فرقہ پرست جماعت کہہ کر ہمیشہ اس کی مخالفت کرتا رہا۔ ایڈورڈ ٹامسن کے دو بیٹے تھے۔ بڑا بیٹا ۱۹۴۴ء میں دوسری عالمگیر جنگ میں مارا گیا ہے چھوٹا بیٹا مدت ہوئی انگلستان چھوڑ کر چلا گیا ہے غالباً امریکہ یا آسٹریلیا میں ہے۔ میں نے گذشتہ دس سال میں بہت کوشش کی کہ ایڈورڈ ٹامسن کے رشتہ داروں میں سے کوئی شخص ملے تو ٹامسن کے ذاتی خطوط، مسودے اور کاغذات دیکھنے کی کوشش کروں لیکن سعی بسیار کے باوجود ایسا کوئی شخص نہیں مل سکا۔

جیسے کہ میں نے ابھی عرض کیا، ایڈورڈ ٹامسن ۱۹۲۳ء سے ۱۹۴۶ء تک مسلسل Oxford میں مقیم رہا۔ اس دوران میں وہ تین مرتبہ ہندوستان بھی گیا تھا۔ پہلی بار ۱۹۳۲ء میں، دوسری بار ۱۹۳۷ء میں اور تیسری بار ۱۹۳۹ء میں۔

تینوں مرتبہ وہ انگلستان کے بعض اخباروں کے نامہ نگار کی حیثیت سے گیا تھا جن میں Manchester Guardian اور Daily Mail قابلِ ذکر ہیں۔

Edward Thompson کی جس روایت کا سہارا لے کر پنڈت نہرو نے یہ داستان اپنی کتاب میں لکھی ہے کہ اقبال اپنی وفات سے قبل تقسیم ہند یا قیام پاکستان کے خلاف ہو گئے تھے، اس کا ذکر ٹامسن نے اپنی دو کتابوں میں کیا ہے اور یہ دونوں کتابیں اقبال کی وفات کے بعد شائع ہوئیں۔ پہلی کتاب ۱۹۴۰ء میں لندن میں شائع ہوئی تھی جس کا نام ہے Enlist India for Freedom اس کتاب میں ایڈورڈ ٹامسن نے اس موضوع پر جو کچھ لکھا ہے وہ میں پڑھ کر سناتا ہوں:

There is some dispute as to who started the nation of Pakistan. It is often said to have been Sir Muhammad Iqbal, the poet. In the "Observer" I once said that he supported the Pakistan Plan. Iqbal was a friend ; and he set my misconception right. After speaking of his own despondency at the chaos he saw coming "on my vast, undisciplined and starving land" he went on to say that he thought the Pakistan Plan would be disastrous to the British Government , disastrous to the Hindu Community, disastrous to the Muslim Community." But I am the President of the Muslim League and therefore it is my duty to support it".

ٹامسن کی اس روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے اور اقبال کے درمیان زبانی گفتگو ہوئی تھی۔ جس میں اقبال نے اپنا دردِ دل اس سے بیان کیا تھا۔ لیکن ٹامسن نے اپنی ایک اور کتاب میں جس کا نام ہے Ethical Ideals in India To-day اور جو ۱۹۴۲ء میں لندن سے شائع ہوئی تھی، واضح کر دیا ہے کہ اقبال نے انہیں اس موضوع پر خط لکھا تھا، زبانی گفتگو نہیں کی تھی۔ ان کے الفاظ یہ ہیں:

Iqbal, however, was politician as well as poet, theologian and philosopher. He lived in the Punjab, which has for India a comparatively higher standard of living, certainly f - higher than the standard in Bengal. Yet he too, as well as Tagore,w as troubled by India's misery. In a letter written to me when he knew he was a dying man, he wrote despairingly of his wretchedness at " "the chaos I foresee as coming upon my vast, undisciplined and starving land."

ملاحظہ فرمایا آپ نے کہ ایڈورڈ ٹامسن ایک کتاب میں تو یہ لکھتے ہیں کہ اقبال نے ان سے زبانی گفتگو کے دوران میں یہ الفاظ استعمال کیے تھے کہ:

"The chaos I forsee as coming upon my vast, undisciplined and starving land.

اور دوسری کتاب میں جو دس سال کے بعد لکھی گئی یہ فرماتے ہیں کہ اقبال نے یہی الفاظ ان کو ایک خط میں اپنے انتقال سے کچھ دیر پہلے لکھے تھے، جب کہ انہیں معلوم ہو گیا تھا کہ وہ دنیا سے رخصت ہو رہے ہیں۔ میں حیران ہوں کہ ان دونوں میں سے ٹامسن کی کسی روایت پر اعتبار کیا جائے۔ اقبال کی زندگی میں ایڈورڈ ٹامسن آخری مرتبہ ۱۹۳۷ء میں ہندوستان آئے تھے۔ اگر اقبال نے ان سے زبانی گفتگو کے دوران میں پاکستان کے نظریے کی مخالفت کی تھی تو یہ واقعہ ۱۹۳۷ء کا ہو سکتا ہے۔ اور اگر اقبال نے خط میں یہ بات لکھی تھی تو بھی یہ واقعہ ۱۹۳۷ء ہی میں ہوا ہو گا

اقبال کے آخری دور کے سامنے والے بیشتر لوگ دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔ لیکن کم سے کم مجھے اُس دور کی ایک ایک بات اچھی طرح یاد ہے۔ میں آج آپ کے سامنے علی رؤس الاشہاد یہ عرض کرتا ہوں کہ ہم نے ۱۹۳۷ء میں ایک مرتبہ بھی اقبال کی زبان سے یہ نہیں سنا تھا کہ "پاکستان ہندوؤں، مسلمانوں اور برطانوی حکومت تینوں کے لیے تباہی کا موجب ہو گا۔ لیکن چونکہ میں مسلم لیگ کا صدر ہوں اس لیے میرا فرض ہے کہ اس تجویز کی حمایت کروں۔" آپ میری ذات کو اس وقت نظر انداز کر دیجیے۔

اُس زمانے میں ملک برکت علی اور غلام رسول خاں کو نسبتہً اقبال کا بہت قرب حاصل تھا۔ میں نے ملک صاحب اور غلام رسول خاں سے ایک مرتبہ بھی یہ نہیں سنا تھا کہ اقبال نے پاکستان کے نظریے کی مذمت کی تھی۔ پھر حیرت ہے کہ جو بات اقبال نے اپنے اُن نیازمندوں سے نہ کی جو صبح و شام اور دن رات اُن کی خدمت میں حاضر رہتے تھے اور جو مسلم لیگ کی جدوجہد میں اقبال کے دست و بازو تھے، وہ بات انھوں نے سات سمندر پار سے آنے والے ایک شخص ایڈورڈ ٹامسن سے کیوں کہی:

سرِ خدا کہ عارف سالک بکس نہ گفت
در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

اقبال کے جو بچے کھچے چند نیازمند آج زندہ ہیں، میں ان سے نہایت ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ بتائیں کہ کیا انھوں نے کبھی ۱۹۳۷ء میں اقبال کی زبان سے یہ الفاظ سنے تھے؟ یہ بڑی اہم بات ہے۔ پنڈت جواہر لال نہرو ہی نے نہیں بلکہ بھارت کے اور بھی بہت سے اہلِ قلم نے ایڈورڈ ٹامسن کی اس روایت کو ڈھال بنا کر انہی الفاظ کو اقبال سے منسوب کیا ہے۔

ایڈورڈ ٹامسن کی اس روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس وقت اقبال نے اُن کو خط لکھا تھا اُس وقت اقبال مسلم لیگ کے صدر تھے۔ اور اگرچہ وہ پاکستان کو ہندوؤں، مسلمانوں اور برطانوی حکومت تینوں کے لیے تباہی کا موجب خیال کرتے تھے لیکن چونکہ وہ مسلم لیگ کے صدر تھے اس لیے انھیں مجبوراً تجویز پاکستان کی حمایت کرنا پڑی۔ گویا یوں کہنا چاہیے کہ اُس وقت مسلم لیگ کا نصب العین پاکستان تھا اور خود اقبال اس

نصب العین سے اتفاق نہیں کرتے تھے لیکن ازبسکہ انھیں لیگ کی کرسی صدارت پر بٹھا دیا گیا تھا لہذا انھیں طوعاً وکرھاً اس نصب العین کی حمایت کرنا پڑی۔

علامہ اقبال اپنی زندگی میں صرف ایک مرتبہ مسلم لیگ کے صدر بنے تھے اور یہ واقعہ دسمبر ۱۹۳۰ء کا ہے۔ جب آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس الہ آباد میں ہوا تھا۔ اس وقت مسلم لیگ کا نصب العین پاکستان نہیں تھا بلکہ ہندوستان میں حکومت خود اختیاری کا قیام تھا۔ جس میں مسلمانوں کے سیاسی، معاشرتی اور مذہبی حقوق محفوظ ہوں۔ ظاہر ہے کہ اُس وقت اقبال اپنی مرضی کے خلاف یا اپنی طبیعت پر جبر کرکے نظریہ پاکستان کی حمایت کرنے پر قطعاً مجبور نہ تھے۔

ساری دنیا کو یہ بھی معلوم ہے کہ الہ آباد کے اسی اجلاس میں پہلے پہل اقبال نے یہ خیال پیش کیا تھا کہ شمالی مغربی ہندوستان کے اُن علاقوں کو، جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے، باہم ملاکر ایک جداگانہ مملکت بنا دیا جائے۔ یہ تجویز سراسر اقبال کا ذاتی خیال تھا مسلم لیگ کی سرکاری پالیسی نہ تھی۔ خود اقبال نے اپنے خطبے کے شروع میں صاف کہہ دیا تھا کہ :

I lead no party. I follow no leader. I have given the best part of my life to a careful study of Islam, its law and polity, its culture, its history and its literature. This constant contact with the spirit of Islam, as it unfolds itself in time, has, I think, given me a kind of insight into its significance as a world-fact.

جو کچھ میں نے ابھی عرض کیا ہے اس سے ایڈورڈ ٹامس کی اس روایت کی کھلی تردید ہوتی ہے کہ اقبال کو صرف اس لیے پاکستان کی حمایت کرنا پڑی کہ وہ مسلم لیگ کے صدر تھے۔ لیکن ساتھ ہی ٹامسن یہ بھی کہتے ہیں کہ اقبال نے ان خیالات کا اظہار اُس وقت کیا تھا جب وہ بستر علالت پر دراز تھے اور دنیا سے رخصت ہونے کے قریب تھے۔ اقبال کا انتقال ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو ہوا تھا۔ اگر ایڈورڈ ٹامسن کے الفاظ پر اعتبار کرلیا جائے تو اقبال نے اپنی وفات سے کم سے کم سال بھر پہلے ٹامسن کو وہ خط لکھا ہوگا جس کا حوالہ اُنھوں نے اپنی کتاب میں دیا ہے۔ لیکن جب ہم اقبال کی اُن تحریروں پر ایک نظر ڈالتے ہیں جو انھوں نے اپنی وفات سے سال بھر پہلے سپرد قلم کی تھیں تو حیرت سے ہماری آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جاتی ہیں۔ کیونکہ اقبال اُس وقت جس شدت اور جس غیر مشتبہ انداز میں پاکستان کی حمایت اور تبلیغ کر رہے تھے، اُس کی نظیر خود اُن کی زندگی میں اس سے قبل نہیں ملتی۔

میں یہاں صرف اقبال کا ایک خط آپکو پڑھ کر سناتا ہوں جو اُنھوں نے اپنے انتقال سے صرف دس مہینے پہلے قائد اعظم کو لکھا تھا۔ اس خط کے شروع میں انھوں نے ۱۹۳۵ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے نقائص بیان کیے ہیں۔ کیونکہ اس ایکٹ کی رو سے مسلم اکثریت کے صوبوں میں بھی مسلمانوں کو کلیۃً ہندوؤں کے رحم وکرم

پر ڈال دیا گیا تھا۔ پھر اُنھوں نے کانگریس کے صدر کا شکوہ کیا ہے جس نے مسلمانوں کی جداگانہ قومی ہستی کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ اس کے بعد اُنھوں نے ہندو مہاسبھا کے اُس اعلان کا ذکر فرمایا ہے کہ ہندوؤں اور مسلمانوں کو ملا کر ایک متحدہ قوم نہیں بنایا جا سکتا اور آخر میں فرمایا :

In these circumstances, it is obvious that the only way to a peaceful India is a re-distribution of the country on the lines of social, religious and linguistic affinities. Many British statesmen also realise this, and the Hindu-Muslim riots which are rapidly coming in the wake of this constitution are sure further to open their eyes to the real situation in the country. I remember Lord Lothian told me before I left England that my scheme was the only solution of the troubles of India, but that it would take twenty five years to come. Some Muslims in the Punjab are already suggesting the holding of a North-Western Indian Muslim Conference, and the idea is rapidly spreading. I agree with you, however, that our community is not yet sufficiently organised and disciplined and perhaps the time for holding such a conference is not yet ripe. But I feel that it would be highly advisable for you to indicate in your address at least the line of action that the Muslims of North-West India would be finally diven to take.

To my mind the new constitution with its idea of a single Indian Federation is completely hopeless. A separate federation of Muslim Provinces, reformed on the lines I have suggested above, is the only course by which we can secure a peaceful India and save Muslims from the domination of Non-Muslims. Why should not the Muslims of North-West India and Bengal be considered as natoins entitled to self-determination just as other nations in India and outside India are ?

Personally I think the Muslims of North-West India and Bengal ought at present to ignore Muslim minority provinces. This is the best course to adopt in the interests of both Muslim majority and minority provinces.

یہ خط علامہ اقبال نے اپنی وفات سے صرف دس مہینے قبل ۲۱ جون ۱۹۳۷ء کو قائد اعظم کو لکھا تھا۔ کیا کوئی ذی ہوش انسان یہ خط پڑھ کر کہہ سکتا ہے کہ اقبال نے اپنی وفات سے کچھ دیر پہلے، جب کہ وہ بستر علالت پر دراز تھے، اپنا نظریہ تبدیل کر لیا تھا؟ میں نے ابھی عرض کیا تھا کہ اقبال کی زندگی میں ایڈورڈ ٹامسن آخری مرتبہ ۱۹۳۷ء میں ہندوستان آئے تھے۔ ہمارے پاس ایسی کوئی شہادت موجود نہیں، نہ تحریری نہ زبانی، جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ ٹامسن اُن دنوں لاہور آکر اقبال سے ملے تھے اور اقبال نے انتہائی دل شکستگی کے عالم میں اُن سے یہ کہا تھا کہ پاکستان ہندوؤں، مسلمانوں اور برطانوی ہند، تینوں کے لیے تباہی کا موجب ہوگا۔

میں نے ایڈورڈ ٹامسن کی اس روایت پر جتنا غور کیا ہے اُتنا ہی اُسے غلط، بے بنیاد اور ناقابل اعتبار پایا ہے۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی کتاب میں جہاں ایڈورڈ ٹامسن کی اس روایت کا ذکر کیا ہے وہاں اقبال

سے اپنی ملاقات کا حال بھی لکھا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ پنڈت جی جنوری ۱۹۳۸ء میں ڈاکٹر محمد عالم بیرسٹرایٹ لاء کے ازالہ حیثیت عرفی کے استغاثے میں شہادت دینے کے لیے لاہور تشریف لائے تھے اور میاں افتخار الدین کے یہاں ٹھہرے تھے۔ ایک روز علامہ اقبال نے انھیں یاد فرمایا اور وہ جاوید منزل میں اقبال سے ملنے گئے تھے۔ اُس ملاقات میں جو گفتگو ہوئی تھی وہ مجھے خوب یاد ہے۔ لیکن چونکہ اُس گفتگو کا میری آج کی تقریر سے براہ راست کوئی تعلق نہیں اس لیے میں اس کا ذکر کرنا ضروری نہیں سمجھتا۔ لیکن اقبال کا ایک فقرہ من وعن اُنھی کے الفاظ میں آپ کو سناتا ہوں۔ جب مسٹر جناح کی لیڈری کا ذکر چھڑا اور پنڈت نہرو نے مسٹر جناح کے طرز عمل پر کچھ دبی زبان میں اعتراض کیا تو علامہ مرحوم نے پنڈت جی کو مخاطب کر کے انگریزی میں فرمایا تھا:

Jinnah is the only man who can deliver the goods on behalf of the Musalmans of India, and I am merely his soldier.

غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جو شخص اپنے انتقال سے صرف تین مہینے پہلے جناح کو ہندوستان کے مسلمانوں کا واحد لیڈر مانتا ہے اور اپنے آپ کو فخریہ جناح کا ایک سپاہی قرار دیتا ہے، اس کی ذات سے یہ الفاظ منسوب کرنا کہ پاکستان ہندوؤں، مسلمانوں اور برطانوی ہندیوں کے لیے تباہی کا موجب ہوگا، ایک ایسی ظالمانہ جرأت ہے جو صرف پنڈت نہرو اور ایڈورڈ ٹامسن جیسے لوگوں ہی سے ممکن ہو سکتی ہے۔